# پِیل کی کمیونٹی کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے منصوبے کا خلاصہ



Systemic)
(discrimination
نظامی امتیاز

دماغی صحت اور لت
(addictions)

خاندانی
تشدّد

# پِیل کی کمیونٹی کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے منصوبے کا خلاصہ

2018ء سے، پِیل کا پہلا کمیونٹی کے تحفظ اور فلا ح و بہبود (سی ایس ڈبلیو بی) منصوبہ تشکیل دینے کیلئے پِیل کی تنظیمیں مِل کرکام کرتی رہی ہیں۔

اس منصوبے کی رہنمائی سالیسٹر جنرل کا کمیونٹی کے تحفظ اور فلاح و بہبود کی منصوبہ بندی کا فریم ورک کرتا ہے، جو کمیونٹی کی حفاظت اور فلاح و بہبود کو ایک پائیدارکمیونٹی کی مثالی ریاست کے طور پر بیان کرتا ہے جہاں ہر شخص محفوظ ہوتا ہے، اس میں تعلق کا احساس ہوتا ہے، شرکت کے مواقع ہوتے ہیں، اور جہاں افراد اورخاندان اپنی تعلیم، صحت کی نگہداشت، خوراک، ہاؤسنگ، آمدنی، اور معاشرتی اور ثقافتی اظہار کی ضروریات کو پورا کرسکتے ہیں۔

منصوبے کے اس پہلے اعادہ کیلئے توجہ دینے والے شعبوں میں **خاندانی تشدّد، دماغی صحت اور لت، اور نظامی امتیاز** شامل ہیں۔ یہ منصوبہ ان تینوں شعبوں میں ہمارے معاشرے میں نوجوانوں اور خاندانوں کی ضروریات کا جائزہ لیتا ہے۔ اس منصوبے کا پہلا اعادہ ایک چار سالہ ٹائم فریم کی پیروی کرے گا اور پِیل کے رہائشیوں کی ابھرتی ہوئی ضروریات کی عکاسی کرنے کیلئے اس کا جائزہ لیا جائے گا اور اسے ضرورت کے مطابق، سالانہ اَپ ڈیٹ کیا جائے گا۔ کووِڈ-19 کے کمیونٹی پر اثرات نے تینوں شعبوں میں رہائشیوں کی مدد کرنے کی اشد ضرورت کو تقویت دی۔

یہ منصوبہ اجتماعی نظرئیے پر تمام شعبوں میں مل کرکام کرنے کا موقع پیش کرتا ہے جو ہماری کمیونٹی کیلئے طویل مدتی اور پائیدار بہتریوں کا باعث بن سکتا ہے۔

## نظریہ

پِیل ایک محفوظ، جامع اور منسلک کمیونٹی ہے جہاں تمام باشندے ترقی کرتے ہیں۔

## مِشن

ہم خدمات تک رسائی اور مدد کو یقینی بنانے کیلئے مِل کرکام کریں گے جو پِیل کے تمام رہائشیوں کیلئے حفاظت، رابطے اور فلاح و بہبود کی پیشرفت ہے۔

### یہ منصوبہ مندرجہ ذیل پر لاگو ہوتا ہے:

- **ایک ایکوئٹی لینز (equity lens)** جو ہماری پوری کمیونٹی کے لوگوں کو اس منصوبے میں حصہ ڈالنے میں مددفراہم کرنے اور اس بات کا شفاف منظر نامہ فراہم کرنے کیلئے ہے کہ پِیل کو درپیش مسائل سے مختلف آبادیاں کس طرح متاثر ہوتی ہیں۔
- **صحت کے معاشرتی تعین کنندگان** یہ سمجھنے کیلئے کہ جن حالات میں لوگ پیدا ہوتے، بڑھتےپھولتے، کام کرتے، زندگی گزارتے اور عمر، ان کی صحت اور عافیت کوکس طرح متاثرکرتے ہیں۔

- **اجتماعی اثر کے طریقہ کار** کی شناخت پوری کمیونٹی کو کرنا ہوتی ہے، جس میں مشترکہ ایجنڈے اور مشترکہ نتائج، پیمائش اور پیچیدہ معاشرتی مسائل کو حل کرنے کیلئے عملی اقدامات کی منصوبہ بندی ہوتی ہے۔
- **ایک جگہ پر مبنی نقطہ نظر** جو ہماری مقامی کمیونٹی میں املاک اور قوتوں کی قدر کرنے کیلئے اور جہاں ان کی ضرورت ہو وہاں وسائل پر توجہ دینے کیلئے اور اس انداز سے ہے جو مقامی طور پر سمجھ میں آجائے۔
- **ایک اَپ اسٹریم فوکس** جو حل تلاش کرنے اور سماجی عوامل سے نمٹنے کے اقدامات کرنے کیلئے ہے اور جو پِیل کی کمیونٹیوں کی صحت اور حفاظت پر اثر انداز ہوتا ہے۔

### سی ایس ڈ بلیو بی پلان کو چلانے والے اہم عناصر

- **وکالت** حکومت کے دیگر درجوں کیلئے، پِیل میں کمیونٹی کی حفاظت اور فلاح و بہبود کو آگے بڑھانے کیلئے اضافی وسائل/ فنڈنگ اور مساوی پالیسیوں کیلئے۔
- **کمیونیکیشن اور مشغولیت** رہائشیوں اورکمیونٹی کے شراکت داروں کے ساتھ۔
- **مشترکہ پیمائش اور اشارے** پیشرفت اورکامیابی کی نگرانی کیلئے۔

## مِل کر کام کرنا

400 سے زائد افراد اور تنظیموں نے سی ایس ڈبلیو بی منصوبے کی ترقی کی اطلاع دینے کیلئے اپنی آوازیں اور تجربات شیئر کئے۔ مجموعی طور پر، مشاورتوں نے توجہ کے ہر شعبے میں پِیل سے متعلق مخصوص ڈیٹا، زیادہ متنوع اور مسلسل مشغولیت، اور مزید آگاہی بڑھانے کی ضرورت کی نشاندہی کی – تمام مساوات اور انٹرسیکشنل لینز (intersectional lens) کے ساتھ سبھی شرکاء میں اتفاق رائے پایا گیا کہ ان مسائل پر پیشرفت کیلئے فوری اہمیت اور احتساب کا احساس پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔

نتیجے کے طور پر، ہمارے سی ایس ڈبلیو بی پلان کا مقصد مندرجہ ذیل فراہم کرنا ہے:

- صحت اور معاشرتی نظاموں میں بہتر تعاون، اشتراک اور صف بندی
- نظام میں موجود خامیوں کا پتہ لگانے کیلئے معلومات کا اشتراک اورکارکردگی کی پیمائش
- ترجیحی خطرات اور پسماندہ گروہوں اور محلوں پر توجہ اور اضافی سمجھ بوجھ
- نئی یا بہتر خدمات اور پروگرامز

25 سے زائد تنظیمیں، بشمول پولیس اور ہنگامی خدمات، اسکول بورڈز، صحت اور معاشرتی خدمات فراہم کرنے والے اور حکومتیں منصوبے کے سسٹم لیڈرشپ ٹیبل اور ہر شعبے کے چاروں طرف ایکشن ٹیبل تیارکرتی ہیں اور پِیل کے رہائشیوں کی زندگیوں میں فرق پیداکرنے کیلئے، ہماری کمیونٹی کے ساتھ مِل کرکام کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔

## اہداف، حکمت عملیاں اور نتائج

منصوبہ تیارکرنے والوں نے تسلیم کیا کہ کوئی بھی تنظیم ان مسائل پر تنہا قابو نہیں پا سکتی۔ اکٹھے مِل کر، انہوں نے ہر شعبے کیلئے اہداف اور حکمت عملیاں تشکیل دیں جنہیں حاصل کرنے کیلئے وہ باہمی تعاون سے کام کریں گے۔

### خاندانی تشدّد

**مقصد:** تحفظ کیلئے پیل کے پاتھ ویز تشکیل دیں اور انہیں مضبوط کریں

**حکمت عملی 1:** پیل میں حفاظت کیلئے موجودہ راستوں کی نقشہ سازی کے نظاموں پرکام کرنا تاکہ بدسلوکی کے شکار افراد کیلئے موجودہ خدمات اور امداد میں نااہلیتوں اور زیادہ ضرورتوں والے حصوں کی پہچان کی جائے۔

**نتائج:**

- بدسلوکی کے شکار افراد کیلئے خدمات اور امداد تک رسائی میں بہتری

**حکمت عملی 2:** خواتین کے شعبے کے خلاف تشدّد کے اعداد و شمار اکٹھا کرنا، انتظام اور رپورٹنگ کے طریقوں کو بہتر بنانا

**نتائج:**

- ڈیٹا اکٹھا کرنے، تجزیہ کرنے اور ڈیٹا شیئرنگ میں بہتری
- پِیل میں کلائنٹوں کی آبادیوں اور ضروریات کی بہتر سمجھ بوجھ

**حکمت عملی 3:** کووِڈ-19 کے جواب میں خاندانی تشدّد میں کام کرنے والے اسٹیک ہولڈرز سے اور خواتین کے شعبے میں تشدّد کے خلاف ہونے والی مربوط کوششوں سے جاننا اور ان کی تائیدکرنا۔

**نتائج:**

- سیکٹر میں باہمی نیٹ ورکس اور بہتر شراکت داری۔
- وبائی مرض اور بحالی کے دوران امداد تک بہتر رسائی

**مقصد:** خاندانی تشدّد سے متعلقہ شعور اور عوامی تعلیم میں اضافہ کریں

**حکمت عملی 1:** خاندانی تشدّد اور آشنا پارٹنرکی تعلیم اور آگاہی کی مہم تیارکرنا

**نتائج:**

- کمیونٹی کے مسئلے کی حیثیت سے خاندانی تشدّدکے بارے میں رہائشیوں کے درمیان آگاہی میں اضافہ
- بدسلوکی کے شکار افراد کیلئے دستیاب موجودہ خدمات کے بارے میں رہائشیوں کی آگاہی میں اضافہ

## دماغی صحت اور لت

**مقصد:** نوجوانوں اور خاندانوں میں ذہنی تندرستی اور مثبت تعلقات کو فروغ دیں

**حکمت عملی 1:** معاون ماحولیات کو فروغ دینے اور نوجوانوں کو روابط قائم کرنے اور مہارتوں کی ترقی میں مدد دینے کیلئے پِیل میں نوجوانوں کے موجودہ اقدامات اور نوجوانوں کی خدمت کرنے والی تنظیموں کے ساتھ مِل کرکام کرنا۔

**نتائج:**

- کمیونٹی میں زیادہ نوجوان خودکو محفوظ، منسلک اور مدد یافتہ محسوس کرتے ہیں۔

**مقصد:** راستوں کو آسان بنا کر اور ہم آہنگی کی کوششوں سے نوجوانوں کیلئے ذہنی صحت اور لت (ایم ایچ اے) خدمات اور امداد تک رسائی کو بہتر بنائیں

**حکمت عملی 1:** نوجوان لوگوں کیلئے نگہداشت کے راستوں کو تبدیل کرنا جنہیں ذہنی صحت تک رسائی کی ضرورت ہوتی ہے اور لت میں امداد

**نتائج:**

- ایم ایچ اے خدمات اور امداد کیلئے بہتر سسٹم نیویگیشن
- نوجوانوں کیلئے ایم ایچ اے خدمات اور امداد تک بہتر رسائی

**حکمت عملی 2:** بحران کی صورتِ حال کے خطرے کو کم کرنے کیلئے پِیل میں صورتِ حال ٹیبل (ٹیبلز) تیارکرنا

**نتائج:**

- تیزی سے بلند ہونے والےخطرات کی زیادہ صورت احوال کو کم کیا جاتا ہے

## نظامی امتیاز

**مقصد:** پیل میں جبر کے خلاف اور مساوات کے طریقوں اور پالیسیوں کو تیار کریں، ان کا عوامی طور پر جائزہ لیں اور انہیں برقرار رکھیں

**حکمت عملی 1:** سسٹم لیڈرشپ ٹیبل پر شراکت داروں میں تنوع، مساوات اور شمولیت کے عزم کی دوبارہ توثیق کرنا

**نتائج:**

- سسٹم لیڈرشپ ٹیبل تنظیموں نے پیل میں تنوع، مساوات اور شمولیت کے عہد کی توثیق کی ہے

**حکمت عملی 2:** جبر کے خلاف اور مساوات کے بارے میں سینئر لیڈروں کی فہم اور آگاہی کو بڑھانا

**نتائج:**

- نظامی امتیاز اور نظامی نسل پرستی کے بارے میں سمجھ بوجھ میں اضافہ
- جبر کے خلاف اور مساوات کے اصولوں اور طریقوں کو سمجھنے میں اضافہ جو تنظیموں میں عام کیا جا سکتا ہے

**حکمت عملی 3:** مساوات اورشمولیت میں تنظیمی گنجائش کی تعمیرکرنا اور پیشرفت کے بارے میں عوامی رپورٹنگ

**نتائج:**

- سسٹم لیڈرشپ ٹیبل تنظیموں کی تعداد میں اضافہ جو بَیس لائن ایکوئٹی کے تخمینے کو مکمل کرتی ہیں
- سسٹم لیڈرشپ ٹیبل تنظیموں کی تعداد میں اضافہ جو سالانہ ترقی کی اطلاع دیتی ہیں
- بہتر تنظیمی پالیسیاں اور طریق کار جو مساوات اور شمولیت کو آگے بڑھاتے ہیں

**حکمت عملی 4:** کمیونٹی کے تحفظ اور فلاح و بہبود کی منصوبہ بندی کی سرگرمیوں کے ڈیزائن اور نفاذ میں زندگی والا تجربہ رکھنے والے افراد کی معنی خیز مصروفیت کے مواقع پیدا کرنے کیلئے حکمت عملی نافذ عمل کرنا

**نتائج:**

- زندگی والا تجربہ رکھنے والے لوگوں کے پاس سی ایس ڈبلیو بی کی منصوبہ بندی اور اس پر عمل درآمد کرنے میں مختلف سطحوں پر ملوث ہونے کے مواقع موجود ہیں۔

**مقصد:** **مؤثر طور پر ڈیٹا اکٹھا کرنے اور رپورٹنگ کے طریقوں کا نفاذ کریں تاکہ عدم مساوات کے سامنے آتے ہی اس کے اثرات کا جائزہ لیا جائے اور اس کا جواب دیا جائے۔**

**حکمت عملی 1:** سسٹم لیڈر شپ ٹیبل تنظیموں کے ایک گروپ کے ساتھ سماجی اعداد و شمار اکٹھا کرنا اور اعداد و شمار شیئر کرنے کے طریقہ کار کو تیار کرنا

**نتائج:**

- سماجی اعداد و شمار اکٹھا کرنے والی تنظیموں کی تعداد میں اضافہ
- کمیونٹی تنظیموں میں اعداد و شمار کے اشتراک اور مشترکہ تعریفوں میں بہتری
- پالیسیوں اور طریقہ کار سے آگاہ کرنے کیلئے پِیل میں اختلافات کی سمجھ بوجھ کو بڑھانا

## اگلے اقدامات

پِیل کا سی ایس ڈبلیو بی منصوبہ پِیل میں سلامتی اور بہبود کو فروغ دینے کیلئے مِل کر کام کرنے کا ایک فریم ورک اورطریقہ کار قائم کرتا ہے۔ اب اور مستقبل میں، یہ منصوبہ کمیونٹی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرے گا۔ خیالات کو شیئرکرنا اور ملوث ہونا کمیونٹی کیلئے جاری مواقع ہیں جو 2024ء تک اور اس کے بعد کے منصوبے کا ایک اہم حصہ ہیں۔

پِیل کو محفوظ، مشمولہ اور منسلک کمیونٹی بنانے میں ہم سب کا کردار ہے جہاں تمام رہائشی ترقی کرتے ہیں۔ مسلسل منصوبہ بندی، نفاذ اور مشغولیت کے ذریعے، اکٹھے مِل کر، ہم ایک فرق پیدا کریں گے۔

**peelregion.ca/community-safety-wellbeing-plan**

پِیل کی کمیونٹی کے تحفظ اور فلاح و بہبود کا منصوبہ 2020-2024

peelregion.ca/community-safety-wellbeing-plan